Roll No...

Total No. of Questions : **11**] [*Total No. of Printed Pages* : **4**

EDE–224

B.A. B.Ed. (IInd Year) Examination, 2021

URDU

Paper – I (CC-1)

(Qadeem Nasr aur Urdu Adab ki Tareekh)

Time : 1½ Hours] [*Maximum Marks : 80*

SECTION–A

Answer all ten questions (Answer limit 50 words). Each question carries 2 marks. **(Marks : 2 × 10 = 20)**

(حصہ-الف)

سبھی 10 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 50 الفاظ سے زیادہ نہ ہو) ہرسوال کے 2 نمبر ہیں۔

SECTION–B

Answer all five questions. Each question has internal choice (Answer limit 200 words). Each question carries 6 marks. **(Marks : 6 × 5 = 30)**

(حصہ-ب)

سبھی 5 سوالوں کے جواب دیجئے۔ ہرسوال داخلی انتخاب رکھتا ہے۔(جواب 200 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہرسوال کے 6 نمبر ہیں۔

SECTION–C

Answer any three questions out of five (Answer limit 500 words). Each question carries 10 marks. **(Marks : 3 × 10 = 30)**

(حصہ-ج)

5 میں سے کن ہی 3 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 500 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہرسوال کے 10 نمبر ہیں۔

SECTION–A

(حصہ-الف)

1 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ 50 الفاظ میں لکھئے۔تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

(i) لفظ ''اُردو'' کس زبان کا لفظ ہے؟

(ii) اردو لفظ کا کیا مطلب ہے؟

(iii) میر امن دہلوی کی دو تصانیف کے نام لکھئے۔

(iv) ڈاکٹر جان گلکرسٹ کہاں کے رہنے والے تھے؟

(v) میر حسنؔ کا پورا نام کیا تھا؟

(vi) حالؔی نے مسدس کس کی فرمائش پر لکھی تھی؟

(vii) مولانا محمد حسین کا کیا تخلص ہے؟

(viii) فورٹ ولیم کالج کتنے عرصے قائم رہا؟

(ix) اردو کا پہلا ناول نگار کسے مانا جاتا ہے؟

(x) حالؔی کا پورا نام کیا ہے؟

SECTION–B

(حصہ-ب)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔جواب 200 الفاظ سے زائد نہ ہو۔تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

2 مندرجہ ذیل اقتباسات کی تشریح کیجئے:

''غرض آدمی کا شیطان آدمی ہے۔ ہردم کے کہنے سننے سے مزاج بہک گیا ہے۔شراب ناچ اور جوئے کا چرچا عام ہوا، پھر تو یہ نوبت پہنچی سوداگری بھول کر تماش بینی کا سودا ہوا۔اپنے نوکر اور رفیقوں نے جب یہ غفلت دیکھی تو جو جس کے ہاتھ پڑا الگ کیا گویا لوٹ مچادی۔ کچھ خبر نہ تھی کتنا روپیہ خرچ ہورہا ہے، کہاں سے آتا ہے اور کدھر جاتا ہے، مالِ مفت دلِ بے رحم۔ اس فضول خرچی کے آگے اگر گنج قارون کا ہوتا تو بھی وفا نہ کرتا۔کئی برس کے عرصہ میں یکبارگی یہ حالت ہوئی کہ فقط ٹوپی اور لنگوٹی باقی رہی۔''

(یا)

''ایک شخص سوکھا سہا۔دبلاپے کے مارے فقط ہوا کی حالت ہورہا تھا۔اس انبوہ میں نہایت چالاکی اور پھرتی سے پھر رہا تھا۔اس کے ہاتھ میں ایک آئینہ تھا جس میں دیکھنے سے شکل نہایت بڑی معلوم ہونے لگتی تھی۔ وہ ایک ڈھیلی ڈھالی پوشاک پہنے تھا۔جس کا دامن دامن قیامت سے بندھا ہوا تھا۔اس پر دیوزادوں اور خیالات کی تصویریں زردوزی کڑھی ہوئی تھیں۔اور جب وہ ہوا سے لہراتی تھیں تو ہزاروں عجیب وغریب صورتیں اس پر نظر آتی تھیں،اس کی آنکھ واشینہ تھی مگر نگاہ میں افسردگی تھی اور نام اس کا وہم تھا۔

3 نظیر احمد کا مضمون مرزا ظاہردار بیگ کا خلاصہ بتایئے۔

(یا)

میر امن کا اسلوبِ تحریر کا جائزہ لیجئے۔

4 غالبؔ کی خطوط نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

(یا)

پہلے درویش کی کہانی کا جائزہ پیش کیجئے۔

5 سرسید تحریک اور اس کی خدمات پیش کیجئے۔

(یا)

دبستانِ دہلی کی خصوصیات بیان کیجئے۔

6 علی گڑھ تحریک کے بارے میں اپنی رائے پیش کیجئے۔

(یا)

افسانہ اور ناول میں کیا فرق ہے؟ تحریر کیجئے۔

SECTION–C

(حصہ–ج)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کن ہی تین (3) سوالوں کے جواب پانچ سو (500) الفاظ میں تحریر کیجئے۔ سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

7 افسانے کا آغاز و ارتقاء کی تاریخ لکھئے۔

8 مثنوی کی تعریف و تاریخ لکھئے۔

9 ایک اچھے استاد میں کیا کیا خوبیاں ہونی چاہئیں؟ وضاحت کیجئے۔

10 فوٹ ولیم کالج کی خدمات بتائیے؟

11 اردو ادب پر ترقی پسند تحریک کے اثرات بتائیے؟